نہم گوجرانوالہ بورڈ 2014

ایجوکیشن — پرچہ I (انشائی)

وقت: 2.10 گھنٹے — کل نمبر: 60

نوٹ: حصہ اول لازمی ہے۔ حصہ دوم میں سے کوئی تین (3) سوالوں کے جوابات لکھئے۔

(حصہ اول)

-2 کوئی سے چھ سوالوں کے مختصر جوابات تحریر کیجئے: (6×2=12)

(i) ''تعلیم'' اور ''علم'' میں کیا فرق ہے؟
(ii) غیر رسمی تعلیم کی تعریف کیجئے۔
(iii) اسلامی نظریہ حیات کے مطابق تعلیم کے عمل کی وضاحت کیجئے۔
(iv) تعلیم حاصل کرنے کی اقسام تحریر کیجئے۔
(v) امام غزالی نے تعلیم کے متعلق کیا فرمایا؟
(vi) ثقافتی ورثہ کا تحفظ اور منتقلی سے کیا مراد ہے؟
(vii) تعلیم کے اہم وظائف کے نام تحریر کیجئے۔
(viii) ثقافتی ورثے سے کیا مراد ہے؟
(ix) پاکستان ایک نظریاتی ملک ہے۔ مختصراً بیان کیجئے۔

-3 کوئی سے چھ سوالات کے مختصر جوابات تحریر کیجئے: (6×2=12)

(i) بالیدگی کی تعریف کیجئے۔
(ii) نشوونما کے کس دور میں بچہ مدلل گفتگو کرتا ہے؟
(iii) بچپن سے کیا مراد ہے؟
(iv) طفولیت کا دور کتنے سال جاری رہتا ہے؟
(v) بچپن میں جذباتی نشوونما کیسی ہوتی ہے؟
(vi) محرکات کی چار مثالیں دیجئے۔
(vii) تعلم پر دلچسپی کا کیا اثر ہوتا ہے؟
(viii) بچے کے کردار میں مستقل اور مستحکم تبدیلی کیسے پیدا ہوتی ہے؟
(ix) معاشرتی اختلاف اور تعلم کا کیا تعلق ہے؟

-4 کوئی سے چھ سوالات کے مختصر جوابات تحریر کیجئے: (6×2=12)

(i) حکومت نے اساتذہ کی تدریس کو موثر بنانے کے لیے کیا اقدامات کئے ہیں؟
(ii) اعلیٰ تحقیق کی سہولت سے فائدہ اٹھانے کے لیے کس ادارے سے مدد لی جاسکتی ہے؟
(iii) وفاقی ادارہ برائے آلات تعلیم کیا کرتا ہے؟
(iv) معاشرہ کی تعریف کیجئے۔
(v) سکول ایک چھوٹا معاشرہ کیسے ہے؟
(vi) نیشنل بک فاؤنڈیشن کا کیا کام ہے؟
(vii) اساتذہ کی تربیت کن سطحوں پر کی جاتی ہے؟ مختصراً بیان کیجئے۔
(viii) کمیونٹی سے کیا مراد ہے؟
(ix) بورڈ آف انٹرمیڈیٹ اینڈ سیکنڈری ایجوکیشن کے کیا فرائض ہیں؟

(حصہ دوم)

-5 تعلیم کا اسلامی تصور مختلف مفکرین کے حوالے سے واضح کیجئے۔ 8

-6 علم التعلیم کا دائرہ کار بیان کیجئے۔ 8

-7 مندرجہ ذیل پر نوٹ لکھئے۔ 8

i- شیر خواری اور جسمانی نشوونما

ii- بلوغت اور جذباتی نشوونما

-8 انفرادی اختلافات تعلم پر کس طرح اثر انداز ہوتے ہیں؟ مثالوں سے وضاحت کیجئے۔ 8

-9 تعلیم سے متعلق اداروں کے بارے میں آپ کیا جانتے ہیں؟ وضاحت کیجئے۔ 8

www.ilmkidunya.com